# ٹیچرز گائیڈ

KG کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلا س میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

پپٹو میاں کا پپٹ (puppet) اور لسٹ1 کے الفاظ کے فلیش کارڈ بنا کر اپنے ساتھ لے کر آئیں۔ ا سے ی تک حروف کی بڑی اور چھوٹی شکل کے الگ الگ چارٹ بنالیں اور کلاس میں لگا لیں۔

**لسٹ 1**

بلی ، وہ ، کیا ، اور ، ہے ، یہ ، گاڑی ، خان ، بول ، پان۔

**لسٹ 2**

اماں ، بابا ، چڑیا ، پانی ، بچہ ، برتن ، مینا ، انار ، سیب ، کیلا۔

**موزے سے پپٹ (puppet) بنانے کا طریقہ۔**

موزے میں روئی بھر کر بٹن سے آنکھ اور ناک بنایئے۔ منہ کے لئے کاغذ یا کپڑا لگایئے۔ سر پر کاغذ کے cup کی ٹوپی پہنائی جا سکتی ہے۔ یوں یہ کوئی بھی کردار بن جائے گا جیسے کوئی کیڑا۔ کیڑے کو **پپٹو میاں** نام دیں اور اسے سیشن 1 میں استعمال کریں۔ اور طریقوں سے بھی پپٹ بنایا جاسکتا ہے۔

# سیشن 1

**15 منٹ** • کتاب **یہ اور وہ** بچوں میں تقسیم کریں۔ بچے خاموشی سے تصویریں دیکھیں۔ تصویروں کے بارے میں سوالات کریں۔ کس چیز کی دکان ہے؟ اس میں کون کون سے پھل نظر آ رہے ہیں؟ بازار میں اور کن چیزوں کی دکانیں ہوتی ہیں؟ پنجرے میں کون سی چڑیا ہے؟ بچہ امی سے کیا کہہ رہا ہے؟

**10 منٹ** • لسٹ 1 کے فلیش کارڈ بچوں سے پڑھوائیں۔

20 منٹ • بنایا ہوا puppet نکالیں اور بچوں کو بتائیں کہ یہ پیٹو میاں ہیں۔ آج ہم ان سے کچھ باتیں کریں گے۔ پہلے خود پیٹو میاں سے سوالات کریں اور اس کا جواب دیں۔

**سوال:** آپ کا نام پیٹو میاں کیوں ہے؟
**جواب:** اس لئے کہ میں کھاتا بہت ہوں ہا ہا ہا۔

**سوال:** آپ کیا کھاتے ہیں؟
**جواب:** میں پھل اور سبزیاں کھاتا ہوں۔

**سوال:** پھل اور سبزیاں آپ کو کہاں سے ملتی ہیں۔
**جواب:** میں درخت پر لگی، کھیت اور دکان میں رکھی سبزیوں اور پھل کے اندر گھس جاتا ہوں اور مزے مزے سے کھاتا ہوں۔ جو بچے بغیر دھوئے اور بغیر کاٹے پھل کھا لیتے ہیں میں ان کے پیٹ میں چلا جاتا ہوں۔ پھر بچوں کے پیٹ میں درد ہوتا ہے۔

- اگر بچے پیٹو میاں سے کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو پوچھنے دیں۔ ان سوال کے جواب پیٹو میاں کی آواز میں دیں۔

# سیشن 2

10 منٹ • الف سے ے تک حروف کی sight reading کروائیں۔

15 منٹ • لسٹ 1 کے الفاظ دوبارہ پڑھائیں۔ ہر ایک لفظ کی پہلی اور آخری آوازیں پوچھیں۔

20 منٹ • کتاب کے الفاظ پڑھیں اور صفحہ نمبر1 سے متعلق بچوں سے سوالات کریں۔ بچہ اپنی امی کو کیا دکھا رہا ہے؟ صفحہ نمبر 2 - 1 پر کن چیزوں کی دکانیں نظر آرہی ہیں؟ صفحہ نمبر 4 - 3 پر کیا ہوا؟ کیا بلی اور چڑیا کو غصہ آرہا ہے؟ کیوں؟ صفحہ نمبر5 میں دکان پر کون بیٹھا ہے؟ صفحہ نمبر 8 - 7 پر سب لوگ بچے کو کیا دے رہے ہیں؟ صفحہ نمبر 10 - 9 میں بچہ خان بابا کے منہ میں کیا دکھا رہا ہے؟

# سیشن 3

- **10 منٹ** • لسٹ 2 کے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- **15 منٹ** • 6 - 5 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔
- **20 منٹ** • الف سے ے تک حروف کی sight reading کروائیں۔ بچے اپنی کوپی میں حروف لکھیں۔ حروف کی لکھائی میں اگر مدد کی ضرورت ہو تو ضرور مدد کریں۔

# سیشن 4

- **10 منٹ** • ب سے ی تک چھوٹے حروف کی sight reading کروائیں۔
- **10 منٹ** • بچے کتاب کا صفحہ نمبر 8 دیکھیں۔ دکان میں کون کون سے پھل نظر آ رہے ہیں؟ (انار، سیب، خربوزہ، تربوز، کیلا، کینو، چیری)۔ پھلوں کے نام واضح لکھائی میں بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔
- **15 منٹ** • بچے کوپی نکالیں اور اپنی پسند کے کسی چار پھلوں کی تصویر بنائیں۔ ان میں رنگ بھریں اور نام بھی لکھیں۔

### ہوم ورک

- **10 منٹ** • ب سے ی تک چھوٹے حروف کوپی میں لکھ کر لائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

ٹیچر کتاب بچوں کے بستے میں رکھوادیں۔

# سیشن 5

**15 منٹ** • بورڈ پر لفظ **یہ اور وہ** لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اب بچوں کو بتائیں کہ لفظ 'یہ' ہم ان چیزوں میں استعمال کرتے ہیں جو ہمارے نزدیک ہوں' جس کو ہم چھو سکتے ہوں۔ مثلاً کلاس میں موجود چیزوں میں میز ، کرسی ، کوپی ، کتاب ، بچے وغیرہ۔ ٹیچر 2-1 جملے بنائیں جیسے ، یہ میز ہے ، یہ علی ہے۔

لفظ 'وہ' ہم ان چیزوں کے لئے استعمال کرتے ہیں جو ہم سے دور ہوتی ہیں۔ مثلاً پنکھا ، چھت ، باہر نظر آنے والا درخت ، کوئی اور اسکول وغیرہ۔ جملے بناکر سمجھائیں۔ وہ درخت ہے ، وہ پنکھا ہے۔

**10 منٹ** • ٹیچر مختلف بچوں سے **یہ اور وہ** سے زبانی جملے بنوائیں۔

**20 منٹ** • بچے کوپی نکالیں اور خالی جگہ پر کرنے کا کام کریں۔ جملوں کے مطابق تصویریں بھی بنائیں۔

خالی جگہ پر کریں۔

1 ________ میری کرسی ہے۔

2 ________ تارے ہیں۔

3 ________ میرے جوتے ہیں۔

4 ________ آم کا درخت ہے۔

# سیشن 6

**10 منٹ** • لسٹ 2 کے الفاظ کی پڑھائی دوبارہ کروائیں۔

**15 منٹ** • بورڈ پر 5 الفاظ لکھیں۔ بابا ، انار ، پانی ، برتن ، سیب۔ بچے یہ الفاظ اپنی کوپی میں لکھیں پھر ان الفاظ کو توڑ کر لکھیں۔ بچوں کی سہولت کے لئے ایک لفظ کے حروف کی توڑ بورڈ پر لکھیں۔ لکھائی کے دوران حسب ضررت بچوں کی مدد کریں۔

| توڑ | جوڑ |
| --- | --- |
| ب + ا + ب + ا | بابا |
| ا + ن + ا + ر | انار |
| پ + ا + ن + ی | پانی |
| ب + ر + ت + ن | برتن |
| س + ی + ب | سیب |

10 منٹ
- دانتوں کی صفائی کے بارے میں بات کریں اور آخر میں نظم ''ٹوٹ بٹوٹ کے دانت'' سنائیں۔

دانت صاف کررہا ہے ٹوٹ بٹوٹ
برش گھما رہا ہے ٹوٹ بٹوٹ
کیڑے نہ پڑ جائیں دانت میں اس کے
دانت چمکا رہا ہے ٹوٹ بٹوٹ
گر نہ جائیں دانت سارے
رات کو برش کر رہا ہے ٹوٹ بٹوٹ

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کن جانداروں کے دانت ہوتے ہیں اور کن کے نہیں۔
  - کچھ مچھلیوں کے دانت ہوتے ہیں کچھ کے نہیں۔
  - اکثر کیڑوں کے دانت نہیں ہوتے۔
  - چڑیوں کے دانت نہیں ہوتے۔
  - جانوروں کے دانت ہوتے ہیں۔

# یہ اور وہ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk